November 2012

# news*letter*

A PIONEER IN ORGANIC AGRICULTURE

Lok Sanjh Foundation

## Out lines

- Dehqan Assembly
- Low Tunnel Farming
- Dialogue for Development
- Layyah Field Visit
- AJK University Visit
- Kitchen Gardening
- Health Camp

Dialogue for Development
in
Pir Mehar Ali Shah Arid Agriculture University



Pakistan Dehqan Assembly in Toba Tek Sing



Low Tunnel Farming



Layyah Field Visit



# پاکستان دہقان اسمبلی

لوک سانجھ فاؤنڈیشن کے زیراہتمام صوبہ پنجاب کے ضلع ٹوبہ ٹیک سنگھ میں پاکستان دہقان اسمبلی کا انعقاد کیا گیا۔جس کا مقصد چھوٹے کسانوں کے حقوق اوران کی آواز کو اسمبلی کے ایوانوں تک پہنچانا تھا۔اس موقع پر پاکستان دہقان اسمبلی کے چیئرمین ڈاکٹر شاہد ضیاء نے کہا کہ قیام پاکستان کا خواب ہمارے آباؤ اجداد نے دیکھا جس کی تعبیر کیلئے ہمیں لاکھوں قربانیاں دینا پڑیں اس کے بعد ایک خواب ہمیں اور دکھایا گیا کہ ملک کے اندر فیکٹریاں اور کارخانے لگائے جائیں اور کسان کپاس، چاول، گندم سمیت دیگر اجناس سستی پیدا کریں تا کہ ان فیکٹریوں اور کارخانوں کو سستی اشیاء میسر آسکیں جب کسان سستی اجناس پیدا کریگا تو کارخانوں کی آمدنی بڑھے گی اوراس آمدنی سے مزید فیکٹریاں اور کارخانے لگائے جائیں گے اوراس سے ملک ترقی کریگا،تو پھر آمدنی کا رخ زمینداروں کی طرف موڑ دیا جائیگا اور دیہاتوں کی طرف ترقی کیلئے خصوصی اقدامات اٹھائے جائیں گے مگر ایسا نہ ہوا فیکٹریاں اور کارخانے تو لگا لیے گئے مگر کسانوں کی ترقی اور خوشحالی کا خواب شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا اور آج ہم 65 سال بعد بھی مسائل کی دلدل میں دھنستے چلے جارہے ہیں پالیسی سازوں کی مرتب کردہ پالیسیاں بڑے زمینداروں اور جاگیرداروں کے فائدہ کیلئے ہیں غریب کسان غریب تر ہوکر پستی کی طرف جارہا ہے آج تک زراعت اور کسان کو کاروبار میں شامل نہیں کیا گیا، ریڑھی والوں سے لیکر ٹرانسپورٹروں تک ہر ایک کی یونین اور تنظیمیں ہیں مگر چھوٹے کسانوں کی کسی تنظیم کی قومی اور صوبائی اسمبلی کے علاوہ یونین کونسل میں بھی کوئی نمائندگی نہ ہونے کی وجہ سے ان کو درپیش مسائل حل نہیں ہوسکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹوبہ ٹیک سنگھ میں لوک سانجھ فاؤنڈیشن کے زیراہتمام منعقدہ پاکستان دہقان اسمبلی سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر فاروق خان، افتخار خالد، محمد عاصم یاسین، چودھری عامر رشید و دیگر بھی موجود تھے ڈاکٹر شاہد ضیاء نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ گندم کا موسم شروع ہونے سے پہلے گندم کی متوازن پالیسی کا اجراء کرے، جن علاقوں میں زیر زمین پانی









کسان خوشحال ، پاکستان خوشحال
کسان خوشحال ، پاکستان خوشحال
کسان خوشحال ، پاکستان خوشحال

## پاکستان دہقان اسمبلی

خراب ہے ان کیلئے علاقائی ضرورت کے مطابق نہری پانی کی ترسیل کو یقینی بنایا جائے، بی ٹی کاٹن پانی کے وسائل پر بوجھ ہے اور وائرس کے پھیلانے کا خطرہ بن چکی ہے انہوں نے کہا کہ ٹوبہ ٹیک سنگھ کا علاقہ بڑا زرخیز ہے یہاں کے لوگوں نے جو کام بھی کیا اس میں مہارت حاصل کی اگر کینو کے باغات لگائے گئے تو اس پر ان کو عبور رہا اور اگر پولٹری کے شعبہ میں کام کیا تو بھی ترقی کی مگر پالیسی سازوں نے ان کی ترقی کیلئے کچھ نہیں کیا باغات تو موجود تھے مگر یہاں پر کوئی فیکٹری نہیں لگائی گئی، پولٹری فارم تو ہیں مگر یہاں پر مرغیوں کے وائرس کیلئے کوئی اقدامات نہیں جس کی وجہ سے یہ لوگ آج بھی احساس کمتری کا شکار ہیں پالیسی سازوں کی وجہ سے تمام مراعات بڑا زمیندار اور جاگیردار لے جاتا ہے ہمیں متحد ہو کر اپنے مسائل کے حل کیلئے اقدامات کرنا ہونگے اور تبھی ہماری ترقی اور خوشحالی کی راہیں متعین ہونگی۔ اس موقع پر کسان چودھری محمد مقصود کی تجویز پر پاکستان دہقان اسمبلی کو گاؤں سے لیکر صوبائی اور قومی سطح پر منظم اور فعال بنانے پر اتفاق کیا گیا تا کہ چھوٹے کسانوں کی آواز کی گونج ایوان بالا تک پہنچ سکے۔



## Low Tunnel Farming

Tunnel farming helps small farmers to increase their income by producing off-season vegetables. Lok Sanjh provides material and technical support to the farming communities by giving training to male and female farmers. Low tunnels have been developed by Lok Sanjh to provide sufficient winter protection for crops to survive and speed up spring harvest by 4-5 weeks. These simple structures serve as a cost-effective strategy for filling the gap in vegetable harvest through early production. Low tunnels are temporary, unheated structures, 4-8 ft tall, 5-10 ft wide with hoops made of metal and bamboo, covered with plastic. In October, Lok Sanjh organized a specialized training on tunnel farming at its Center for Skills Development and Demonstration (CSDD).



# Dialogue for Development









Pir Mehar Ali Shah Arid Agricultural University Islamabad invited Dr. Shahid Zia Managing Director Lok Sanjh Foundation to address a lecture to the university academic staff, researchers and students on November 5,2012. The topic of the seminar was “consultation on manifesto for democracy”. As a keynote speaker, Dr. Shahid Zia during his address informed the audience that democracy and the rule of law are taken for granted in many parts of the world - even when voter turn-out dwindles and decision-making is paralyzed. Yet globalization, climate change and global economic slow-down are already highlighting the shortcomings of democracy in action. Looking forward - especially as more countries embark on political transformation - it is critical to renew confidence in democracy as a force for positive social and economic change to address global threats.

Current systems of democracy, with their short-term approaches and preoccupation with GDP growth, are badly prepared for inter-generational challenges like climate change, resource scarcity and ageing or expanding populations. As accelerating environmental degradation places increasing strain on food, energy and water resources, the ability of existing institutions to cope with the resulting social, economic and demographic pressures will be tested to breaking point. Action beyond government is clearly essential to keep advancing a responsible environmental agenda. towards the end of the seminar he conducted a survey by putting questions directly to the audience and compared results with the similar survey result from UK. After his brilliant address, Dr. Abdul Saboor (seminar coordinator) thanked Dr. Shahid Zia and honorable guests for their keen interest in the democracy and participation.

# لیہ فیلڈ وزٹ






ضلع لیہ، تحصیل چوبارہ سے تقریباً 6,7 کلومیٹر، جنوب مغرب کی جانب ''بستی ملوک والی'' آباد ہے اس بستی میں 40 کے قریب گھرانے ہیں ان کا انحصار زراعت پر ہے، گندم اور چنا یہاں کی اہم فصلیں ہیں بارانی زمین ہونے کے سبب زراعت کا انحصار بارشوں پر ہے، کبھی وقت پر بارش کے چھنٹے برس گئے تو کھیتوں میں ہریالی آگئی، ورنہ بدحالی اور غربت تو مقدر ہے ہی۔ ملک بھر کے کسانوں کی طرح استحصالی قوتیں، یہاں بھی لوٹ کھسوٹ میں مصروف ہیں، مہنگی کھاد، مہنگے بیج اور آڑھتیوں کے مخصوص ہتھکنڈوں نے ان کی غربت میں مزید اضافہ کر رکھا ہے۔ نہ کوئی سکول، نہ کوئی ہسپتال، نہ بجلی نہ سڑک، اکیسویں صدی میں بھی یہ پاکستانی شہری، پتھر کے زمانے میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ یہ لوگ غربت اور جہالت سے لڑ رہے ہیں مگر ان کے حوصلے جواں اور عزم راسخ ہیں اور انہیں یقین ہے کہ اپنی محنت کے بل بوتے پر کسی روز وہ خوشحال زندگی بھی گزاریں گے۔

لوک سانجھ فاؤنڈیشن، ایسی ہی بستیوں اور ایسے ہی غریب مگر پرعزم کسانوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کو ترجیح دیتی ہے لوک سانجھ فاؤنڈیشن کے چیئرمین ڈاکٹر شاہد ضیاء، ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر فاروق خاں کے ساتھ اس بستی کا دورہ کیا گیا ان کے حالات، طریقہ کاشتکاری اور انداز زیست کو سمجھا۔ ڈاکٹر شاہد ضیاء نے لوگوں کو یقین دلایا کہ عنقریب لوک سانجھ فاؤنڈیشن علاقے میں کام شروع کریگی اور لوگوں کو بنیادی سہولتیں میسر کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے تعلیمی اور صحت کے مسائل حل کرنے کی بھی بھرپور کوشش کی جائے گی۔ ڈاکٹر شاہد ضیاء نے کسانوں کو ''سائسل'' کاشت کرنے کا بھی مشورہ دیا ان کا کہنا تھا کہ اس علاقے کیلئے سائسل بڑی کارآمد فصل ہے سائسل کو بہت کم پانی درکار ہوتا ہے اور دنیا بھر میں اسکی مانگ ہے۔ اس پر اخراجات کم مگر منافع زیادہ ہے۔ انہوں نے کسانوں سے کہا کہ اکیلی سائسل ہی آپ کی تقدیر بدل سکتی ہے اور اس کی کاشت کیلئے لوک سانجھ آپ سے ہر قسم کا تعاون کریگی۔ بستی کے لوگوں نے ڈاکٹر شاہد ضیاء، فاروق خاں، ڈاکٹر محمد آصف اور محمد بخش کا شکریہ ادا کیا اور امید ظاہر کی کہ لوک سانجھ فاؤنڈیشن کے تعاون سے یہاں بڑی تبدلی آئے گی اور خوشحالی ہمارا مقدر بنے گی۔

# AJK University Visit



A team of Lok Sanjh comprising of Mr. Farooq Khan Deputy Executive Director(DED) and Mr. Saeed ur Rehman visited AJK University Rawalakot for possible collaboration concerning research and development. The AJK university Muzaffarabad was represented by Dr. Dilnawaz Gardezi, Vice-Chanceller (VC) and three staff members. VC briefed Lok Sanjh team that University is an institution devoted to research, teaching and dialogue. It is the site of academic creativity and the transmission of knowledge. It was discussed in the meeting that both organizations are expected to become actively involved with communities in order to tackle community issues. Partnership between the two will be considered an effective model to resolve issues pertaining to the mountain and organic agriculture. The possibility to setup an organic model at AJK University Muzaffarabad was discussed to develop a mutually beneficial partnership. For follow-up, additional meetings were suggested and agreed between the two organizations. A field visit by the Lok Sanjh team to the Chela Bandi campus of AJK University followed these meetings for the selection of organic model site along the Neelam River.

# Kitchen Gardening



The activity remained useful in building capacities of the women farmers and to increase the household food security level by increasing the availability of organic vegetables at domestic level. As a result hundreds of women have developed kitchen gardens in the project areas . Almost all plots are large enough to satisfy the needs of the families by extra cost of vegetable purchased from the market and providing nutrition to the families as well.

**news**letter

A PIONEER IN ORGANIC AGRICULTURE


Lok Sanjh Foundation

November 2012

# Health Corner

Heart Attack and Water - I never knew this !Interesting.......

## Heart Attack & Water




Something I didn't know either! I asked my Doctor why do I and other people urinate so much at night time. Answer from my Cardiac Doctor = Gravity holds water in the lower part of your body when you are upright (legs swell). When you lie down and the lower body (legs and etc) seeks level with the kidneys it is then that the kidneys remove the water because it is easier. This then ties in with the last statement!

I knew you need your minimum water to help flush the toxins out of your body, but this was news to me. Correct time to drink water... Very Important. From A Cardiac Specialist! Drinking water at a certain time maximizes its effectiveness on the body:

- 2 glasses of water after waking up - helps activate internal organs.
- 1 glass of water30 minutes before a meal - helps digestion.
- 1 glass of water before taking a bath - helps lower blood pressure.
- 1 glass of water before going to bed - avoids stroke or heart attack.

My Physician told me that water at bed time will also help prevent night time leg cramps. Your leg muscles are seeking hydration when they cramp and wake you up with a Charlie Horse.



# کسان ڈیرہ

آئیں دوست بنائیں، چائے پیئیں اور گپ شپ لگائیں

## ڈیرہ اوقات

بروز ہر بدھ

دن 10 تا 12 بجے



معلومات کیلئے رابطہ کریں۔

051-2255242

051-2255248





خوشحال کسان

خوشحال پاکستان کی پہچان






کسان اوپن یونیورسٹی
Kissan Open University
مکان نمبر 642، گلی نمبر 46، جی 9/1، اسلام آباد۔
kissanopenuniversity@gmail.com

جس کھیت سے دہقان کو میسر نہ ہو روزی
اس کھیت کے ہر خوشہ گندم کو جلا دو

# December 2012 Activities

**Objectives:**

- To Impart education to small farmers on basics of production systems that can bring a revolution in small farmers livelihood opportunities and agriculture scale up program.
- To train farmers on low cost climate efficient technologies through adopting innovative methods to enhance efficiency at farm level.
- To train farmers on basic accounting and numeracy skills for record keeping and market negotiation.

| | | | |
|---|---|---|---|
| ہفتہ وار کسان تربیتی پروگرام<br>بروز جمعرات<br>11 تا 01 بجے دن | Tuesday Events | کسان ڈیرہ<br>بروز بدھ<br>اوقات: 10 تا 12 بجے دن | کسان اوپن یونیورسٹی کلاسز<br>بروز منگل<br>اوقات: 10 تا 01 بجے دن |

| Monday | Tuesday | Wednesday | Thursday | Friday |
|---|---|---|---|---|
| 31 | | | | |
| 3<br>RBDC ایکٹیوٹی | 4<br>کسان اوپن یونیورسٹی کلاسز<br>بروز منگل<br>اوقات: 10 تا 01 بجے دن | 5<br>کسان ڈیرہ<br>بروز بدھ<br>اوقات: 10 تا 12 بجے دن | 6<br>ہفتہ وار کسان تربیتی پروگرام<br>بروز جمعرات<br>11 تا 01 بجے دن | 7<br>ہیڈ آفس سٹاف<br>مانیٹرنگ وزٹ |
| 10<br>RBDC ایکٹیوٹی | 11<br>کسان اوپن یونیورسٹی کلاسز<br>بروز منگل<br>اوقات: 10 تا 01 بجے دن | 12<br>کسان ڈیرہ<br>بروز بدھ<br>اوقات: 10 تا 12 بجے دن | 13<br>ہفتہ وار کسان تربیتی پروگرام<br>بروز جمعرات<br>11 تا 01 بجے دن | 14<br>ہیڈ آفس سٹاف<br>مانیٹرنگ وزٹ |
| 17<br>RBDC ایکٹیوٹی | 18<br>کسان اوپن یونیورسٹی کلاسز<br>بروز منگل<br>اوقات: 10 تا 01 بجے دن | 19<br>کسان ڈیرہ<br>بروز بدھ<br>اوقات: 10 تا 12 بجے دن | 20<br>ہفتہ وار کسان تربیتی پروگرام<br>بروز جمعرات<br>11 تا 01 بجے دن | 21<br>ہیڈ آفس سٹاف<br>مانیٹرنگ وزٹ |
| 24<br>RBDC ایکٹیوٹی | 25<br>کسان اوپن یونیورسٹی کلاسز<br>بروز منگل<br>اوقات: 10 تا 01 بجے دن | 26<br>کسان ڈیرہ<br>بروز بدھ<br>اوقات: 10 تا 12 بجے دن | 27<br>ہفتہ وار کسان تربیتی پروگرام<br>بروز جمعرات<br>11 تا 01 بجے دن | 28<br>ہیڈ آفس سٹاف<br>مانیٹرنگ وزٹ |

## کسان اوپن یونیورسٹی

**کورس برائے مرغبانی**
(بہار سمسٹر)

گھریلو سطح کی مرغبانی کے لئے کسان خواتین کو خصوصی ترجیح دی جائے گی۔

برائے رابطہ: 051-2255242-48